# BLESSED TEXTILES LIMITED

# NOTICE OF THE ANNUAL GENERAL MEETING

**NOTICE** is hereby given that the 27th Annual General Meeting of the members of **Blessed Textiles Limited** will be held on Monday 27th October 2014 at 4:30 PM., at the registered office of the company i.e. Umer House, 23/1, Sector 23, S. M. Farooq Road, Korangi Industrial Area, Karachi, to transact the following business:

**Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of the Annual General Meeting held on 22nd October 2013.
   To receive, consider and adopt the audited financial statements of the company for the year ended 30th June, 2014 together with the Auditors' and Directors' Report thereon.
2. To approve the cash dividend @25% (i.e. PKR 2.5 per share) for the year ended 30th June, 2014, as recommended by the Board of Directors.
3. To appoint the auditors for the next term i.e. year 2014-2015 and fix their remuneration.
4. The retiring auditors M/S Rahman Sarfaraz Rahim Iqbal Rafiq, Chartered Accountants, being eligible, offer themselves for reappointment.
5. To transact any other business with the permission of the chairman.

(By the order of the Board)
**Syed Ashraf Ali,** FCA
**Company Secretary**

Karachi:
**Dated: 23rd September, 2014**

**NOTES:**

1 The Shares Transfer Books of the Company will remain closed from 20th October 2014 to 27th October, 2014 (both days inclusive). Transfers received in order at the registered office of the company i.e. Umer House, 23/1, Sector 23, S. M. Farooq Road, Korangi Industrial Area, Karachi by 18th October 2014 will be treated in time for the purpose of entitlement of dividend in respect of the period ended 30th June, 2014.

2 A member entitled to attend and vote at the General Meeting is entitled to appoint a proxy to attend and vote instead of him/ her. No person other than a member shall act as proxy.

3 An instrument appointing a proxy and the power of attorney or other Authority (if any) under which it is signed or a notarially certified copy of such power or authority, in order to be valid, must be deposited at the registered office of the company at least 48 hours before the time of the meeting and must be duly stamped, signed and witnessed.

4 Any individual Beneficial Owner of CDC, entitled to attend and vote at this meeting, must bring his/her original CNIC or Passport, Account and participant's I.D. numbers, to prove his/her identity, and in case of proxy must enclose an attested copy of his/her CNIC or Passport. Representatives of corporate members should bring the usual documents required for such purpose. The account/ sub account holders of CDC will further have to follow the guidelines as laid down in Circular No. 1 of 2000 dated January 26, 2000 issued by Securities & Exchange Commission of Pakistan.

5 As instructed by Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide their letter No. EMD/D-II/Misc/2009-1342 dated April 4, 2013 dividend warrants cannot be issued without insertion of CNIC Numbers; therefore, all shareholders holding physical shares were requested to submit copies of their valid CNICs as requested by our letters and also through advertisement in newspapers. All those shareholders who have not submitted their valid CNICs are once again requested to send a photocopy of their valid CNIC/National Tax numbers alongwith the folio numbers to the Company's Share Registrar. No dividend will be payable unless the CNIC number is printed on the dividend warrants, so please let us have your CNIC numbers failing, which we will not be responsible if we are not able to pay the dividends.

6 In order to make process of payment of cash dividend more efficient, SECP vide circular No. 8(4) SM/CDC 2008 dated April 5, 2013 have issued instructions so that the shareholders can get their dividend credited in their respective bank accounts electronically without any delay. You may therefore authorize the Company to credit the dividend directly to your bank account for all future dividends declared by the Company. Accordingly all non CDC shareholders are requested to send their bank account details to the Company's Registrar at the address given above. Shareholders who hold shares with Participant/Central Depository Company of Pakistan (CDC) accounts are advised to provide the mandate to the concerned Stock Broker/ Central Depository Company of Pakistan Ltd.

7 Members are requested to immediately inform of any change in their addresses to our share Registrar, Hameed Majeed Associates (Private) Limited.

8 The financial statements of the company for the year ended 30th June 2014 has been published on the website and may be downloaded from the following link, http://www.umergroup.com/blessed-financial-reports.html.

9 Members eager of getting financial statements through email, are request to kindly visit the company website and fill the standard request form.

25x3-Blessed

# بلسیڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ

# سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ بلسیڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ کے ممبران کا ستائیسواں (27) سالانہ اجلاس عام پیر 27 اکتوبر 2014ء کو شام ساڑھے چار بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع عمر ہاؤس 23/1 سیکٹر 23- ایس ایم فاروق روڈ کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا۔

## عمومی امور:

(1) سالانہ اجلاس عام منعقدہ 22 اکتوبر 2013ء کی کارروائی کی توثیق۔

(2) 30 جون 2014ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

(3) 30 جون 2014ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق 25 فیصد (یعنی 2/50 روپے فی حصص) کی شرح سے نقد منافع منقسمہ کی منظوری کی۔

(4) مالی سال 15-2014ء کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز رحمٰن سرفراز رحیم اقبال رفیق۔ چارٹرڈ اکاؤنٹینس نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کیلئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

(5) چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

**کراچی** **بحکم بورڈ**

**مورخہ 23 ستمبر 2014ء** **سید اشرف علی - ایف سی اے**

**کمپنی سیکرٹری**

**نوٹ:**

(1) کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 20 اکتوبر 2014ء تا 27 اکتوبر 2014ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع عمر ہاؤس 23/1 سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں 18 اکتوبر 2014ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں 30 جون 2014ء کو مکمل ہونے والی مدت کے لئے منافع منقسمہ کی اہلیت کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔

(2) اجلاس عام ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لیے اپنا پروکسی مقرر کرسکتا ہے۔ ممبر کے علاوہ کوئی فرد پروکسی نہیں ہوسکتا۔

(3) پروکسی کی تقرری کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی اور پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ کاپی دستخط مہر اور گواہی کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں مل جانی چاہیے۔

(4) اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل سی ڈی سی میں رجسٹرڈ حصص یافتہ کو اپنی شناخت کے لئے اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شریک کا آئی ڈی نمبر پیش کرنا ہوگا۔ پروکسی کی صورت میں سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنی ہوگی۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندوں کو اس مقصد کے لئے معمول کے مطابق دستاویزات پیش کرنی ہوں گی۔ سی ڈی سی کے اکاؤنٹ ہولڈروں / سب اکاؤنٹ ہولڈروں کو مزید براں سیکیوریٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 1 مجریہ 2000ء مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

(5) سیکیوریٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی بذریعہ لیٹر نمبر ای ایم ڈی/ڈی-II/متفرق/2009-1342 مورخہ 4 اپریل 2013ء ہدایات کے مطابق ڈیویڈنڈ وارنٹس سی این آئی سی نمبروں کے اندراج کے بغیر جاری نہیں کئے جاسکتے۔ لہٰذا تمام فزیکل شیئرز ہولڈرز سے بذریعہ ہمارے لیٹرز اور بذریعہ اشتہار کی اشاعت سی این آئی سی کاپیاں جمع کرانے کی درخواست کی گئی تھی۔ ابھی تک مذکورہ کاپیاں جمع نہ کرانے والے حصص یافتگان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے تازہ سی این آئی سی کی کاپی/ نیشنل ٹیکس نمبر معہ فولیو نمبر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو ارسال کردیں۔

ڈیویڈنڈ وارنٹس پر سی این آئی سی نمبر کے اندراج کے بغیر کوئی ڈیویڈنڈ قابل ادائیگی نہیں ہوگا لہٰذا برائے مہربانی ہمیں اپنا سی این آئی سی نمبر فراہم کردیں بصورت دیگر آپ کو ڈیویڈنڈ کی عدم ادائیگی کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔

(6) نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ایس ای سی پی نے بذریعہ سرکلر نمبر 8(4) ایس ایم/ سی ڈی سی 2008 مورخہ 5 اپریل 2013ء ہدایات جاری کی ہیں تا کہ شیئر ہولڈر بلا تاخیر متعلقہ بنک اکاؤنٹ میں منتقلی کے ذریعے اپنے ڈیویڈنڈ حاصل کرسکیں لہٰذا آپ آئندہ کمپنی کے اعلان کردہ ڈیویڈنڈز براہ راست اپنے بنک اکاؤنٹ میں جمع کرانے کا اختیار کمپنی کو دے سکتے ہیں۔

اسی طرح تمام نان سی ڈی سی شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بنک اکاؤنٹس کی تفصیلات کمپنی کے رجسٹرار کو حسب ذیل پتہ پر ارسال کردیں۔ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی)/ شرکاء کے ہمراہ اکاؤنٹس میں جمع شیئرز کے حامل حصص یافتگان کو متعلقہ اسٹاک بروکر/ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو مینڈیٹ فراہم کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔

(7) ممبران سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے ہمارے شیئر رجسٹرار حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فوری طور پر مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

(8) 30 جون 2014ء کو مکمل ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالی گوشوارے ویب سائٹ پر جاری کردیے گئے ہیں جو http://www.umergroup.com, faisal-financial-reports.html سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔

(9) ای میل کے ذریعہ مالی گوشوارے حاصل کرنے کے متمنی ممبران سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ کا معائنہ کرکے مقررہ درخواست فارم پر کریں۔